جیکب آباد میں ہندوخواتین کے ساتھ لوٹ مار کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

اس واقعہ سے اقلیتی برادری میں یہ تاثر پھیل رہا ہے کہ پاکستان میں ان کی جان ومال عدم تحفظ کا شکار ہے

کراچی ۔۔۔24، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈاکوؤں کی جانب سے جیکب آباد میں ہندو برادری کی دوسو سے زائد خواتین کو لوٹنے اور زخمی کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جیکب آباد میں واقع مندر میں دوسو سے زائد ہندوخواتین کو پوجا کے دوران مسلح ڈاکوؤں نے یرغمال بنا کران سے نقدی، زیورات اور دیگر قیمتی اشیاء لوٹ لیں اور بعض خواتین کو تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کردیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ جیکب آباد میں پیش آنے والا واقعہ نہ صرف قابل مذمت ہے بلکہ اخباری اطلاعات کے مطابق اس افسوسناک واقعہ سے اقلیتی برادری میں یہ تاثر پھیل رہا ہے کہ پاکستان میں ان کی جان ومال عدم تحفظ کا شکار ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذہبی اقلیتوں سمیت تمام شہریوں کی جان ومال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور حکومت کو چاہئے کہ اس افسوسناک واقعہ کا فوری نوٹس لیکر ڈاکوؤں کے خلاف عملی اقدامات کرے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ جیکب آباد میں ہندوخواتین کو یرغمال بنا کر لوٹنے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے، ڈاکوؤں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے،لوٹی ہوئی قیمتی اشیاء برآمد کرکے متاثرین کو واپس دی جائے اور اقلیتی برادری کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

الخدمت گروپ کورنگی ٹاؤن یوسی ون کے نائب ناظم ریاض الحسن نے حق پرست پینل میں شمولیت

کراچی ۔۔۔24، جولائی 2008ء۔۔۔الخدمت گروپ سے تعلق رکھنے والے کورنگی ٹاؤن یوسی ون بلال کالونی کے نائب ناظم ریاض الحسن نے حق پرست قیادت کی جانب سے شہر میں جاری ترقیاتی کاموں اور میگا پروجیکٹ کی تکمیل سے متاثر ہوکر حق پرست پینل میں شمولیت کا اعلان کردیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل سے ملاقات کے بعد کیا۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت شہر میں بلاتفریق وامتیاز عوام کی عملی خدمت کررہی ہے اور شہر میں بڑے پیمانے پر جاری ترقیاتی منصوبوں کا جال اس بات کا ثبوت ہے کہ حق پرست عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکرو فلسفے پر عمل پیرا ہوکر شہر کا نقشہ بدل دیا ہے اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات سے عوام استفادہ کررہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ بغیر کسی دباؤ اور لالچ کے حق پرست پینل میں شامل ہورہے ہیں اور انشاء اللہ نہ صرف ایمانداری سے اپنے علاقے کے عوام کی خدمت کریں گے بلکہ حق پرستوں کی طرح عوام کی بلاتفریق اور بے لوث خدمت کو اپنا شعار بنائیں گے۔اس موقع پر صوبائی وزیر شیخ محمد افضل نے ریاض الحسن کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیرمقدم کیا۔

تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن خورشید عالم تنظیم سے خارج

کراچی ۔۔۔24، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیراخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن خورشید عالم ولد صاحب جان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران و کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ خورشید عالم ولد صاحب جان سے کسی بھی قسم کا رابطہ یا تعلق ہرگز نہ رکھیں۔

ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔24، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن وسیم کے بھائی سلیم خان کی ٹریفک حادثے میں ہلاکت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

قبائلی علاقوں سے طالبان تیزی سے کراچی کا رخ کر رہے ہیں، علیم الرحمان

حق پرست رکن سندھ اسمبلی کا کورنگی کے علاقے گلگت کالونی کا دورہ

کراچی ۔۔۔24، جولائی 2008ء۔۔۔حق پرست رکن سندھ اسمبلی محمد علیم الرحمٰن نے کورنگی کے علاقے گلگت کالونی کا دورہ کیا اور علاقے کے عوام کو ملک کی تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال خصوصاً کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش سے آگاہ کیا۔قبل ازیں انہوں نے گلگت کالونی میں عوامی اجتماع سے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایک منظّم سازش کے تحت کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کے منصوبے بنائے جارہے ہیں اوراس مقصد کیلئے قبائلی علاقوں سے مذہبی انتہاء پسند طالبان کو کراچی میں لاکر بسایا جارہا ہے جو شہر کی زمینوں پر قبضوں اوراسٹریٹ کرائمز کی وارداتیں کرکے شہر میں امن وامان کی صورتحال بگاڑ رہے ہیں۔انہوں نے علاقے کے عوام سے اپیل کی کہ وہ کراچی کو طالبانائزیشن سے محفوظ رکھنے کیلئے اپنے اتحاد کا مظاہرہ کریں اوراپنے اپنے علاقے میں امن کمیٹیاں قائم کرکے چوکیداری نظام قائم کریں۔

☆☆☆☆☆